ملازمین کے حقوق کا نوٹس: محفوظ اور بیماری کی چھٹی

آپ کو محفوظ اور بیماری کی چھٹی اور بامعاوضہ قبل از ولادت چھٹی کا حق ہے۔ آپ کے ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر آپ کو یہ حق ہے۔ آپ کے آجر پر آپ کے حقوق کی وضاحت کرتے ہوئے آپ کو یہ نوٹس دینا لازم ہے۔

چھٹی کی مقدار:

محفوظ اور بیماری کی چھٹی (خود کی یا جس کو آپ فیملی مانتے ہیں اس کی نگہداشت)	**بامعاوضہ قبل از ولادت چھٹی** (حمل کے دوران خود کے لیے نگہداشت صحت)
• سبھی آجروں پر لازم ہے کہ **40 گھنٹے محفوظ اور بیماری کی چھٹی** ہر تقویمی سال میں فراہم کریں۔ • **100 یا زائد ملازمین والے آجروں** پر ہر تقویمی سال میں **56 گھنٹوں** تک کی محفوظ اور بیماری کی چھٹی فراہم کرنا لازم ہے۔ *کل وقتی اور جز وقتی کارکنان **ہر 30 گھنٹے کے کام** کے لیے **1 گھنٹے** کی شرح سے محفوظ اور بیماری کی چھٹی **حاصل کر سکتے ہیں۔***	• سبھی آجروں پر **20 گھنٹے بامعاوضہء قبل از ولادت چھٹی** کی علیحدہ چھٹی فراہم کرنا لازم ہے۔

آپ کے آجر کا تقویمی سال ہے: _____ تا _____
پہلا مہینہ آخری مہینہ

آپ کو **بامعاوضہ** محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا حق ہے اگر:

- آپ کے آجر کے پاس 5 یا زیادہ ملازمین ہیں۔
- آپ کے آجر کے پاس 5 سے کم ملازمین ہیں لیکن خالص آمدنی $1 ملین یا زائد ہے۔
- آپ کسی اور کے گھر میں گھریلو کارکن کے بطور کام کرتے ہیں؛ مثلاً بے بی سٹر، ہاؤس کیپر، یا ہمراہی کارکن۔
  نوٹ: قانون کسی گھرانے میں کام کرنے والے 1 یا زائد کارکنان کا احاطہ کرتا ہے۔

آپ کو **بلامعاوضہ** محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا حق ہے اگر:

- آپ کے آجر کے پاس 5 سے کم ملازمین ہیں اور خالص آمدنی $1 ملین سے کم ہے۔

آپ غیر استعمال شدہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی کو اگلے تقویمی سال میں لے جا سکتے ہیں۔

محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا استعمال:

- اسے اپنی صحت کے لیے، بشمول طبی نگہداشت حاصل کرنے کے لیے یا کسی بیماری یا ضرر سے صحت یاب ہونے کے لیے استعمال کریں۔
- ایسے فیملی ممبر کے لیے اسے استعمال کریں جو بیمار ہو یا طبی اپائنٹمنٹ ہو۔
- اسے تب استعمال کریں جب آپ کی نوکری یا آپ کے بچے کا اسکول صحت عامہ کی ہنگامی حالت کے سبب بند ہو جائے۔
- اسے گھریلو تشدد، ان چاہے جنسی رابطے، تعاقب یا انسانوں کی غیر قانونی تجارت کی وجہ سے اپنی حفاظت یا فیملی ممبر کی حفاظت کے لیے استعمال کریں۔

آپ کا آجر آپ سے محفوظ اور بیماری کی چھٹی کے منصوبہ بند استعمال کا پیشگی نوٹس دینے کا تقاضا کر سکتا ہے؛ مثلاً، شیڈول شدہ ڈاکٹر کی اپائنٹمنٹ یا عدالتی سماعت میں جانے کے لیے۔ آپ کو چھٹی کے غیر متوقع استعمال؛ مثلاً، بیماری یا طبی ایمرجنسی کا پیشگی نوٹس دینا ضروری نہیں ہے۔

آپ کو رازداری کا حق ہے: آپ کو اپنے آجر کو چھٹی کا استعمال کرنے کی وجہ بتانا ضروری نہیں ہے۔

اگر آپ لگاتار چھٹی میں تین سے زیادہ ایام کام کا استعمال کرتے ہیں تو، آپ کا آجر دستیاویزی شہادت طلب کر سکتا ہے۔

مطلوبہ تحریری انکشافات:

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- آپ کو تحریری نوٹس دے جو آپ کی مراعات استعمال کرنے کا طریقہ بتائے۔
- ہر تنخواہ کی مدت پر آپ کو بتائے کہ آپ نے کتنی چھٹی استعمال کر لی ہے اور کتنی بچی ہے۔

انتقامی کارروائی ممنوع ہے:

چھٹی کی درخواست کرنے یا استعمال کرنے یا خلاف ورزی کی اطلاع دینے پر آجروں کو سزا دینا یا انہیں برطرف کرنا غیر قانونی ہے۔

مزید جاننے یا شکایت درج کرانے کے لیے کنزیومر اینڈ ورکر پروٹیکشن سے رابطہ کریں۔

nyc.gov/workers ملاحظہ کریں | **311** پر کال کریں اور "Paid Safe and Sick Leave" (بامعاوضہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی) کا پوچھیں

آپ گمنام ٹپ بھی کر سکتے ہیں۔

NYC Consumer and Worker Protection

05/30/2025